آسان اُردو
تیسری جماعت کے لیے
سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو
ناشر:

تیار کردہ

سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ، جام شورو

منظور کردہ:

محکمۂ تعلیم، حکومت سندھ، بطور

واحد درسی کتاب برائے مدارس صوبۂ سندھ۔

نگران اعلیٰ:

احمد بخش ناریجو

چیئرمین سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ

نگراں:

ناہید اختر

مؤلفین:

شبّیر حسین ادیب (مرحوم)

سیّد تلمیذ حسنین رضوی

مدیران:

ڈاکٹر عبد الحق خان حسرت کاسگنجوی

محمد ناظم علی خان ماتلوی

مطبوعہ:

فہرست

عنوان	صفحہ
پہلا سبق: حروفِ ہجا کی پہچان	۴
ا آ	
دُوسرا سبق: ب پ ت ٹ ث	۵
تیسرا سبق: ج چ ح خ	۶
چوتھا سبق: د ذ ر ز ژ	۷
پانچواں سبق: س ش ص ض	۸
چھٹا سبق: ط ظ ع غ	۹
ساتواں سبق: ف ق ک گ	۱۰
آٹھواں سبق: ل م ن	۱۱
نَواں سبق: و ہ ء ی ے	۱۲
دسواں سبق: ٹ ڈ ڑ ک	۱۳
گیارھواں سبق: گھ لھ مھ نھ	۱۴
بارھواں سبق: بھ پھ تھ ٹھ جھ	۱۵
تیرھواں سبق: چھ دھ ڈھ ڑھ کھ	۱۶
چودھواں سبق: اُردو اور سندھی حُروف	۱۷
پندرھواں سبق: خُدا کی شان (نظم)	۱۹
سولہواں سبق: اللہ جلّ جلالہٗ	۲۰
سترھواں سبق: پیارے رَسُول ﷺ	۲۱
اٹھارھواں سبق: بات چیت	۲۲
اُنیسواں سبق: کہنا بڑوں کا مانو (نظم)	۲۳
بیسواں سبق: قرآن مجید	۲۴
اکیسواں سبق: دِنوں کے نام	۲۵
بائیسواں سبق: تارے (نظم)	۲۶
تیئیسواں سبق: قائدِ اعظمؒ	۲۷
چوبیسواں سبق: ہمدردی	۲۸
پچیسواں سبق: موسم	۲۹
چھبیسواں سبق: بڑھے چلو (نظم)	۳۰
ستائیسواں سبق: مرزا قلیچ بیگ	۳۱
اٹھائیسواں سبق: بِلّی	۳۲
انتیسواں سبق: کِسان	۳۳
تیسواں سبق: دُعا (نظم)	۳۴
ایک سے سو تک گِنتی	۳۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

پہلا سبق

ا		یہ انار ہے۔
آ		یہ آم ہے۔

اَنار — آم

اَن ار - آم۔

دُوسرا سَبق

حرف	جملہ
ب	یہ بِلّی ہے۔
پ	یہ پَتّا ہے۔
ت	یہ تالا ہے۔
ث	یہ ثَمر ہے۔

بِلّی - پَتّا - تالا - ثَمر

بِ ل لِ ی - پَ تُ ت ا - ت ا ل ا - ثَ مَ ر۔

تیِسرا سَبَق

ج		یہ جَہاز ہے۔
چ		یہ چاندُ ہے۔
ح		یہ حَوض ہے۔
خ		یہ خَرگوش ہے۔

جَہاز - چانُد - حَوُض - خَرگوش

جَ ہ از - چ اں د - حَ وُ ض - خَ رُ گ و ش۔

چوتھا سَبَق

د		یہ دَوات ہے۔
ذ		یہ ذَخِیرَہ ہے۔
ر		یہ ریُل ہے۔
ز		یہ زَنُجِیر ہے۔
ژ		یہ اَژُدَہا ہے۔

دَوات – ذَخِیرَہ – ریُل – زَنُجِیر – اَژُدَہا

دَوات – ذَ خِ ی رَ ہ – رے ل – زَ نُ جِ ی ر – اَ ژُ دَ ہ ا۔

پانچواں سَبَق

س		یہ سُورَج ہے۔
ش		یہ شیُر ہے۔
ص		یہ صُراحی ہے۔
ض		یہ ضَعِیف ہے۔

سُورَج - شیُر - صُراحی - ضَعِیف

سُ وُرَ ج - ش ے ر - صُ را ح ی - ضَ عِ یُ ف۔

چھٹا سَبَق

حرف	تصویر	جملہ
ط		یہ طوطا ہے۔
ظ		یہ ظَفَر ہے۔
ع		یہ عُقاب ہے۔
غ		یہ غُبّارا ہے۔

طوطا - ظَفَر - عُقاب - غُبّارا

طُ و ط ا - ظَ فَ ر - عُ ق ا ب - غُ بْ ب ا ر ا۔

ساتواں سَبَق

حرف	تصویر	جملہ
ف		یہ فَوجی ہے۔
ق		یہ قَلَم ہے۔
گ		یہ گائے ہے۔

فَوجی ۔ قَلَم ۔ گائے

فَ وُ ج ی ۔ قَ لَ م ۔ گ ا ء ے۔

آٹھواں سَبَق

ل		یہ **لوہار** ہے۔
م		یہ **میز** ہے۔
ن		یہ **نَل** ہے۔

لوہار – میز – نَل

ل وُ ہ ا ر – م ے ز – ن َ ل۔

نَواں سَبَق

حرف	تصویر	جملہ
و		یہ وَرَق ہے۔
ہ		یہ ہِرَن ہے۔
ء		یہ سُوئی ہے۔
ی ے		یہ یَکّہ ہے۔

وَرَق ـ ہِرَن ـ سُوئی ـ یَکّہ

وَرَق ـ ہِ رَن ـ سُ و ء ی ـ یَ کْ کَ ہ۔

دَسواں سَبَق

حرف	تصویر	جملہ
ٹ = ٹ		یہ ٹوپی ہے۔
ڈ = ڈ		یہ ڈاکیا ہے۔
ڑ = ڑ		یہ پگڑی ہے۔
ک = ک		یہ کِتاب ہے۔

ٹوپی - ڈاکیا - پگڑی - کِتاب

ٹ وُ پ ی - ڈا ک ی ا - پَ گ ڑ ی - کِ ت ا ب۔

گیارھواں سَبَق

گھ	یہ گھوُڑا ہے۔
لھ	یہ چُوُلھا ہے۔
مھ	یہ کُمھار ہے۔
نھ	یہ نَنّھا ہے۔

گھوُڑا ـ چُوُلھا ـ کُمھار ـ نَنّھا

گھ وُ ڑا ـ چ ُ وُ لھ ا ـ کُ مھ ا ر ـ نَ نُ نھ ا۔

بارَھواں سَبَق

بھ = ب		یہ بھیڑ ہے۔
پھ = پ		یہ پُھول ہے۔
تھ = ت		یہ تَھیلا ہے۔
ٹھ = ٹ		یہ ٹھیلا ہے۔
جھ = ج		یہ جُھولا ہے۔

بھیڑ - پُھول - تَھیلا - ٹھیلا - جُھولا

بھ ے ڑ - پُھ و ل - تَھ ی ل ا - ٹھ ی ل ا - جُھ و ل ا۔

تیرھواں سَبَق

چھ = چ		یہ چھَتری ہے۔
دھ = د		یہ دھوبی ہے۔
ڈھ = ڈ		یہ ڈھول ہے۔
ڑھ = ڑ		یہ سیڑھی ہے۔
کھ = ک		یہ کھجور ہے۔

چھَترُی - دھوُبی - ڈھوُل - سِیڑھی - کھجور

چھَ تُ ری - دھ و ب ی - ڈھ و ل - س ی ڑھی - کھ ج ور۔

چودھواں سَبَق

اُردو	سندھی	اُردو	سندھی	اُردو	سندھی
ا	ا	ٹھ	ٺ	د	د
ب	ب	ث	ث	دھ	ڌ
بھ	ڀ	ج	ج	ڈ	ڊ
پ	پ	جھ	جھ	ڈھ	ڍ
پھ	ڦ	چ	چ	ذ	ذ
ت	ت	چھ	ڇ	ر	ر
تھ	ٿ	ح	ح	رھ	-
ٹ	ٽ	خ	خ	ڑ	ڙ

اُردو	سندھی	اُردو	سندھی	اُردو	سندھی
ڑھ	-	ع	ع	لھ	-
ز	ز	غ	غ	م	م
ژ	ڙ	ف	ف	مھ	-
س	س	ق	ق	ن	ن
ش	ش	ک	ڪ	نھ	-
ص	ص	کھ	ک	و	و
ض	ض	گ	گ	ہ	ه
ط	ط	گھ	گھ	ء	ء
ظ	ظ	ل	ل	ی ے	ي

پندرھواں سَبَق

خُدا کی شان

اے! زمین آسمان کے مالِک
ساری دُنیا، جہاں کے مالِک
تو ہی ہے، سب کا پَالنے والا
کام سب کا، نِکالنے والا
آنکھ دی تُو نے، دیکھنے کے لیے
کام کرنے کو، ہاتھ پاؤں دِیے
بات کے سُننے کو، دِیے دو کان
بات کہنے کو، تُو نے بخشی زبان
اے! زمین آسمان کے مالک
ساری دُنیا، جہان کے مالک

(الطاف حُسین حاؔلی)

خُوش خط لکھیے:

زَمِین – آسْمان – مالِک – جَہان – پِیاس

سولھواں سَبَق

اَللّٰہ جَلَّ جَلَالُہٗ

زَمین، آسمان، چاَند، سُورج کس نے بنائے ہیں؟

زَمین، آسمان، چاَند، سُورج، اَللّٰہ نے بنائے ہیں۔

ہم سب کا مالک کون ہے؟

ہم سب کا مالک اَللّٰہ ہے؟

ہم کِس کی عِبادت کرتے ہیں؟

ہم اَللّٰہ کی عِبادت کرتے ہیں؟

ہم کِس سے مَدد مانگتے ہیں؟

ہم اَللّٰہ سے مَدد مانگتے ہیں؟

خُوش خط لکھیے:

اَللّٰہ – چاَنُد – سُورَج – مَدَد – عِبادَت۔

سَترھواں سَبَق

پیارے رَسُوْل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے پیارے رَسُوْل حضرت مُحمد مُصطفےٰ صَلَّی اللہُ علیہ وآلِہٖ وَسلَّم عَرَب کے مشہُور شہر مَکَّے میں پیدا ہوئے۔ وہاں کے لوگ بہت بِگڑ چکے تھے۔

اَللہ نے اُنھیں نیک بنانے اور سِیدھے راستے پر چَلانے کے لیے ہمارے پیارے رسُوْل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی بنا کر بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان لوگوں کو اچھّی اچھّی باتیں بتائیں اور سِیدھا راستہ دکھایا۔ ہمیں چاہیے کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بتائی ہوئی باتوں پر عَمل کر کے سچّے مُسلمان بنیں۔

خُوش خط لکھیے:

رَسُوْل - نَبی - حَضرَت - مُحمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - آخِری۔

اٹھّارھواں سَبَق

بات چِیت

آپ کا نام کیا ہے؟

میرا نام ساجِد ہے۔

آپ کے والِد کا نام کیا ہے؟

میرے والِد کا نام حامد ہے۔

یہ کون ہے؟

یہ میرا بھائی ہے۔

اُس کا نام کیا ہے؟

اُس کا نام مَاجِد ہے۔

یہ کِس کا گھر ہے؟

یہ ہمارا گھر ہے۔

خُوش خط لکھیے:

ساجِد - حامد - ماجِد - بھائی - ہَمارا۔

اُنّیسواں سَبَق

کہنا بڑوں کا مانو

اے بھولے بھالے بچّو! نادانو! ناتوانو!
سَر پر بڑوں کا سایہ، سایہ خُدا کا جانو
چاہو اگر بڑائی، کہنا بڑوں کا مانو

ماں باپ کا عَزیزو، مانا نہ جس نے کہنا
دُشوار ہے جہاں میں، عِزّت سے اُس کا رہنا
چاہو اگر بَڑائی، کہنا بڑوں کا مانو

تم کو خبر نہیں کچھ، اپنے بُرے بَھلے کا
جتنی ہے عمر چھوٹی، اتنی ہے عقل چھوٹی
چاہو اگر بڑائی، کہنا بڑوں کا مانو

(الطاف حُسین حالی)

خُوش خط لکھیے:

دُشوَار - عِزَّت - خَبَر - عُمُر - عَقُل ۔

بِیسواں سَبَق

قُرآنِ مَجِید

قُرآنِ مَجِید، اَللہ کی کِتاب ہے۔

یہ کِتاب، اَللہ کے آخری نَبی حَضرت مُحمّد مُصطفیٰ صَلّی اللہُ علیہ وآلِہٖ وَسلّم پر نازِل ہوئی۔

قُرآنِ مَجِید عَرَبی زبان میں ہے۔

اِس میں نبیوں کا ذِکر اور دِین کی باتیں ہیں۔

ہمیں اِن باتوں پر عَمَل کرنا چاہیے۔

خُوش خط لکھیے:

قُرآن – نبیوں – عَرَبی – نازِل – عَمَل۔

اِکّیسواں سَبَق

دِنوں کے نام

بارہ مَہِینے کا ایک سال ہوتا ہے۔

چار ہفتے کا ایک مَہِینا ہوتا ہے۔

ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔

ہفتے کے دنوں کے نام یہ ہیں۔

سَنِیچر۔اِتوار۔پِیر۔مَنگل۔بُدھ

جُمعرات۔جُمعَہ۔

خُوش خط لکھیے:

سَنِیچر۔مَنگَل۔بُدھ۔جُمعرات۔جُمعہ۔مَہِینا۔

بائیسواں سَبَق

تارے

کیسے اچھّے، کیسے پِیارے
رَوشَن رَوشَن، جَگ مَگ تارے
کھیل رہے ہیں، آنکھ مچَولی
آپَس میں کرتے ہیں اِشارے
کالی بَدلی آتی ہے جَب
چُھپ جاتے ہیں اُس میں سارے
پیاری صُورت دیکھ کے اُن کی
میرا دل بس یہی پُکارے
دُور ہی سے مت چمک دِکھاؤ
آؤ کبھی تم پاس ہمارے

خُوش خط لکھیے:

رَوشَن - صُورَت - چَمَک - جَگ مَگ۔

تیئیسواں سَبق

قائدِاَعظمؒ

پاکِستان ہَمارا وَطن ہے۔ مُسلمانوں نے یہ وَطَن قائدِاعظم محمّد علی جناحؒ کی رہنمائی میں بڑی مِحنَت سے بنایا ہے۔ قائدِاعظمؒ کراچی میں پیدا ہوئے اور اِسی شہر میں اِبتدائی تعلیم پائی۔ پِھر اِنگلستان گئے اور وکالَت کا اِمتحان پاس کیا۔ وہاں سے واپس آکر پہلے وکالت شروع کی، پِھر پاکستان بنانے کی کوشش کرتے رہے۔ اَللہ نے قائدِاعظمؒ کو کامیابی عطا کی اور ۱۹۴۷ء میں پاکستان بن گیا۔ ایک سال بعد وہ اَللہ کو پیارے ہوگئے۔ اُن کا مزار کراچی میں ہے۔

خُوش خط لکھیے:

قَائدِاَعظمؒ - پَاکِستان - مِحنَت - کراچی - اِنگُلستان۔

چوبیسواں سَبَق

ہم دردی

رات ہو چکی تھی، ہر طَرف اَندھیرا تھا۔ درخت کی ٹہنی پر ایک بُلبُل اُداس بیٹھا تھا۔ وہ کہہ رہا تھا:

"اب میں اپنے گھونسلے تک کیسے جاؤں؟"

پاس ہی ایک جُگنو اُڑ رہا تھا۔ اُس نے بُلبُل کی بات سُنی تو کہا، بھائی! تم اَندھیرے سے مَت گھبراؤ۔ اَللہ نے مجُھے روشنی دی ہے۔ میں تمہارے راستے میں روشنی کروں گا۔

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچّھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

خُوش خط لکھیے:

دَرَخُت - بُلبُل - اُداس - جُگنُو - رَوشنی۔

پچّیسواں سَبق

موسم

سال میں چار موسم ہوتے ہیں۔
گَرمی - سَردی - خِزاں - بہَار۔
گَرمی کے موسم میں گرم ہوائیں چلتی ہیں۔ سَردی کے موسم میں ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ خِزاں کے موسم میں دَرختوں کے پتّے گِر جاتے ہیں، سَبزہ سُوکھ جاتا ہے اور پُھول مُرجَھا جاتے ہیں۔ بہَار کا مَوسم بہت اچھّا ہوتا ہے۔ باغوں میں پُھول کِھلتے ہیں۔ ہر طرف سَبزہ ہی سَبزہ نظر آتا ہے اور درختوں پر نئے نئے پتّے آجاتے ہیں۔

خُوش خط لکھیے:

خِزاں - مَوسم - سَرد - پُھول - بہَار۔

چھبّیسواں سَبَق

بڑھے چلو

بہادُرو، بہادُرو اُٹھو اُٹھو، اُٹھو اُٹھو
بڑھو بڑھو، بڑھو بڑھو چَلو چَلو، چَلو چَلو
بڑھے چلو، بڑھے چلو
بڑھے چلو، بڑھے چلو
تُمھِی سے ہے، یہ زِندگی جگہ جگہ، گَلی گَلی
تُمھِی سے ہے، یہ روشنی چَمن چَمن، کَلی کَلی
بڑھے چلو، بڑھے چلو
بڑھے چلو، بڑھے چلو

خُوش خط لکھیے:

بَہادرو – زِندَگی – چَمَن – رَوشنی – کَلی۔

سَتائیسواں سَبَق

مِرزا قَلیچ بیگ

مِرزا قَلیچ بیگ، سندھ کے مشہور شاعِر اور اَدِیب تھے۔
اُنھوں نے سِنْدھی، اُردو، فارسی اور انگریزی زبان میں
بہت سی کِتابیں لِکھیں۔

اُنھوں نے بچّوں کے لیے بھی اچھّی اچھّی کِتابیں
لِکھیں۔ اُن کے لِکھّے ہوئے قِصّے اور کَہانیاں بہت
دِل چَسپ ہیں۔ بچّے اُنھیں بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔

خُوش خط لکھیے:

شَاعِر - اَدِیب - قِصّے - دِل چَسپ - شوق۔

اَٹّھائیسواں سَبَق

بِلّی

یہ بِلّی ہے۔
اِس کا رنگ سفید اور کالا ہے۔
اِس کے بال ریشم کی طَرح نَرم ہیں۔
یہ گوشت کھاتی ہے۔
دُودھ پیتی ہے۔
یہ مِیاؤں، مِیاؤں کرتی ہے۔
مَیرے بُلانے پر دَوڑی چلی آتی ہے۔
چُوہے اِس کی آواز سُن کر بھاگ جاتے ہیں۔

خُوش خط لکھیے:

بِلّی - پِیاری - ریشَم - گوشُت - مِیاؤں۔

اُنتیسواں سَبَق

کِسان

یہ ایک کِسان ہے۔ یہ کھیت میں ہَل چلاتا ہے، بیج بوتا ہے، پانی دیتا ہے اور کھیت کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ جب فَصل تیار ہو جاتی ہے تو اُسے کاٹتا ہے۔

یہ کھیت میں گیہُوں، چاول، کَپاس، گَنّا اُگاتا ہے۔

یہ سب چِیزیں ہمارے کام آتی ہیں۔

کِسان صُبح سے شام تک مِحنت کرتا ہے۔ مِحنت کرنے والے کو سب پَسَند کرتے ہیں۔ مِحنت کرنے والے کو اَللّٰہ بھی دوست رَکھتا ہے۔

خُوش خط لکھیے:

کِسان - بیج - فَصل - کَپاس - دوست۔

تِیسواں سَبَق

دُعا

یا رب تُو ہے سَب کا آقا
سَب کا مالِک سَب کا داتا
تُو نے کیا اِنسان کو پیدا
تُو نے کیا حَیوان کو پیدا
پُھول اور پَودے، چَاند اور تارے
تُو نے کِیے ہیں پَیدا سارے
راتیں دِیں آرام کو تُو نے
بَخشے ہیں دِن کام کو تُو نے
ہم پر رَحمَت تُو نے کی ہے
عِزَّت دی ہے، دَولت دِی ہے
ہم پر یہ بھی رَحمَت کردے
عِلم سے یا رَب دامن بھَر دے

(شَفِیق کوٹی)

خُوش خط لکھیے:

داتا - پَیدا - رَحمَت - عِزَّت - عِلم۔

ایک سے سو تک گنتی

ایک	۱	سترہ	۱۷	تینتیس	۳۳
دو	۲	اٹھارہ	۱۸	چونتیس	۳۴
تین	۳	اُنیس	۱۹	پینتیس	۳۵
چار	۴	بِیس	۲۰	چھتیس	۳۶
پانچ	۵	اکیس	۲۱	سینتیس	۳۷
چھ	۶	بائیس	۲۲	اڑتیس	۳۸
سات	۷	تیئیس	۲۳	اُنتالیس	۳۹
آٹھ	۸	چوبیس	۲۴	چالیس	۴۰
نو	۹	پچیس	۲۵	اِکتالیس	۴۱
دس	۱۰	چھبیس	۲۶	بیالیس	۴۲
گیارہ	۱۱	ستائیس	۲۷	تینتالیس	۴۳
بارہ	۱۲	اٹھائیس	۲۸	چوالیس	۴۴
تیرہ	۱۳	انتیس	۲۹	پینتالیس	۴۵
چودہ	۱۴	تیس	۳۰	چھیالیس	۴۶
پندرہ	۱۵	اکتیس	۳۱	سینتالیس	۴۷
سولہ	۱۶	بتیس	۳۲	اَڑتالیس	۴۸

اُنچاس	۴۹	سڑسٹھ	۶۷	پچیاسی	۸۵
پچاس	۵۰	اڑسٹھ	۶۸	چھیاسی	۸۶
اکیاون	۵۱	اُنہتّر	۶۹	ستاسی	۸۷
باون	۵۲	ستّر	۷۰	اٹھاسی	۸۸
ترپین	۵۳	اِکہتّر	۷۱	نواسی	۸۹
چوّن	۵۴	بہتّر	۷۲	نوّے	۹۰
پچپن	۵۵	تہتّر	۷۳	اکیّانوے	۹۱
چھپّن	۵۶	چوہتّر	۷۴	بانوے	۹۲
ستاون	۵۷	پچھتّر	۷۵	ترانوے	۹۳
اٹھاون	۵۸	چھہتر	۷۶	چورانوے	۹۴
اُنسٹھ	۵۹	ستہتر	۷۷	پچیانوے	۹۵
ساٹھ	۶۰	اَٹھہتر	۷۸	چھیانوے	۹۶
اکسٹھ	۶۱	اُناسی	۷۹	ستّانوے	۹۷
باسٹھ	۶۲	اسّی	۸۰	اٹھانوے	۹۸
تریسٹھ	۶۳	اکاسی	۸۱	ننّانوے	۹۹
چونسٹھ	۶۴	بیاسی	۸۲	سو	۱۰۰
پینسٹھ	۶۵	تراسی	۸۳		
چھیاسٹھ	۶۶	چوراسی	۸۴		